

# مکئی کی منافع بخش پیداوار
# آئی سی آئی کراپ مینیجمنٹ
# پروگرام کے ساتھ



ICI PAKISTAN LTD.

گندم اور چاول کے بعد مکئی سب سے زیادہ اہم غذائی فصل ہے۔ مکئی کی فصل سال میں دو مرتبہ لگائی جاتی ہے۔ خوردنی اجناس میں سب سے کم وقت میں زیادہ پیداوار دینے کی صلاحیت کی وجہ سے منافع بخش فصل گردانی جاتی ہے۔ غذائی اعتبار سے مکئی کی فصل بہت اہمیت کی حامل ہے۔
مکئی کی بے شمار مصنوعات بھی انسانی غذا کے طور پر استعمال ہوتی ہیں جن میں کارن آئل، کارن فلور، کارن فلیکس، کسٹرڈ پاوڈر، نشاستہ اور گلوکوز خاص طور پر اہمیت کے حامل ہیں۔ مکئی جانوروں اور مرغیوں کی خوراک کے طور پر بھی کافی اہمیت کی حامل ہے۔
پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور ہماری معیشت کا انحصار زراعت پر ہے لیکن ہماری مکئی کی پیداوار دنیا کے دیگر ممالک کے مقابلے میں کافی کم ہے۔ دنیا کے مقابلے میں کم پیداوار کی اہم وجوہات میں کھادوں کا غیر متوازن استعمال، جڑی بوٹیوں اور کیڑے مکوڑوں کا بروقت تدارک نہ کرنا ہے۔
آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے زرعی ماہرین کاشتکاروں کو گاہے بگاہے مفید مشورے اور معلوماتی مواد پہنچاتے رہتے ہیں تاکہ مکئی کی پیداوار میں اضافہ ممکن بنا کر کاشتکاروں کی معاشی حالت بہتر بنائی جا سکے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے زرعی ماہرین کی اس کتابچہ میں دی گئی سفارشات پر عمل کر کے کاشتکار حضرات مکئی کی معیاری اور منافع بخش پیداوار حاصل کر سکتے ہیں۔

## آئی سی آئی کے سفارش کردہ بیج کی اقسام

- ہائی کارن 11 پلس
- ہائی کارن 339



# آئی سی آئی کے سفارش کردہ بیج کی اقسام




## ہائی کارن 11 پلس

### دانوں، سائیلج اور سبز چھلیوں کیلئے بہترین انتخاب

- عمدہ پیداواری صلاحیت
- سرخی مائل رنگت کے خوشنما دانے
- زیادہ گرمی برداشت کرنے کی صلاحیت
- مضبوط جڑیں، فصل گرنے اور دانے ضائع ہونے سے محفوظ
- لمبی اور یکساں سائز کی چھلیاں
- بیماریوں اور کیڑوں کے خلاف قوت برداشت




## ہائی کارن 339

### موسمی مکئی کی کاشت سنگل کراس ہائبرڈ بیج کے ساتھ

- درمیانہ قد اور مضبوط جڑیں، فصل گرنے سے محفوظ
- دانوں سے بھری ہوئی مکمل چھلیاں
- فصل کی برداشت تک پودا سرسبز، چارے کیلئے قابل استعمال
- بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت

# میٹولاگولڈ

960 ای سی

کسان کا دوست۔۔۔ میٹولاگولڈ










**میٹولاگولڈ** میں شامل جزو ایس میٹولاکلور (S-Metolachlor) اُگتی ہوئی جڑی بوٹیوں کی نئی کونپلوں، تنوں اور جڑوں میں جذب ہو کر اثر انداز ہوتا ہے۔ اس طرح جڑی بوٹیاں اُگنے سے پہلے، اُگنے کے وقت یا اُگنے کے فوراً بعد تلف ہو جاتی ہیں۔

## میٹولاگولڈ کی نمایاں خصوصیات

- **میٹولاگولڈ** سے ڈیلا، سوانکی، اِٹ سِٹ اور مکئی میں موجود دیگر جڑی بوٹیوں کا اُگنے سے پہلے ہی خاتمہ
- **میٹولاگولڈ** جڑی بوٹیوں پر 45 دن سے زیادہ کا کنٹرول فراہم کرتا ہے
- **میٹولاگولڈ** کے استعمال سے گوڈی چوکی کی پریشانی سے نجات
- **میٹولاگولڈ** کے استعمال سے فصل کو خوراکی اجزاء کی بھرپور فراہمی ہوتی ہے جس سے پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے
- **میٹولاگولڈ** استعمال میں نہایت آسان

**میٹولاگولڈ** بیجائی کے 24 گھنٹوں کے اندر مندرجہ ذیل مقدار کے حساب سے استعمال کریں:

### سفارشات برائے استعمال

| زمین کی حالت | مقدار فی ایکڑ |
|---|---|
| ہلکی میرا، درمیانی میرا | 500 ملی لیٹر |
| بھاری میرا اور ریتلی زمین | 600 ملی لیٹر |
| چکنی زمین | 800 ملی لیٹر |

# فُل کنٹرول

50 فیصد ڈبلیو پی

## فُل کنٹرول سے جڑی بوٹیوں پر مکمل کنٹرول







**فُل کنٹرول** ایک وسیع دائرہ اثر والی جڑی بوٹی مار زہر ہے۔ یہ دو مختلف زہروں پر مشتمل پراڈکٹ ہے جو تیزی سے جذب ہو کر جڑی بوٹیوں پر کنٹرول فراہم کرتا ہے۔ یہ چوڑے پتے، گھاس نُما اور ڈیلا خاندان کی جڑی بوٹیوں کے مؤثر تدارک کیلئے خاص کیمیا ہے۔ **فُل کنٹرول** جڑی بوٹیوں کے پتوں اور جڑوں کے ذریعے جذب ہو کر کلوروفل بنانے کے عمل کو روک دیتا ہے جس سے جڑی بوٹیاں مکمل طور پر ختم ہو جاتی ہیں۔

## فُل کنٹرول کی نمایاں خصوصیات




- **فُل کنٹرول** دو مختلف زہروں پر مشتمل پراڈکٹ ہے
- **فُل کنٹرول** وسیع دائرہ اثر کی حامل خصوصیت کی بنا پر چوڑے پتے، گھاس نُما اور ڈیلا خاندان کی جڑی بوٹیوں پر یکساں کنٹرول فراہم کرتا ہے
- **فُل کنٹرول** اپنے دوہرے عمل یعنی پتوں اور جڑوں سے سرائیت پذیر ہونے کی بدولت جڑی بوٹیوں کا مکمل خاتمہ کرتا ہے
- **فُل کنٹرول** زمین میں موجود خوردبینی جانداروں کیلئے بے ضرر ہے
- **فُل کنٹرول** ایک ماحول دوست جڑی بوٹی مار زہر ہے
- **فُل کنٹرول** سے جڑی بوٹیوں پر دیرپا اور مکمل کنٹرول حاصل ہوتا ہے

## سفارشات برائے استعمال

| جڑی بوٹیاں | مقدار فی ایکڑ |
|---|---|
| چوڑے پتوں والی، گھاس نُما اور ڈیلا خاندان کی جڑی بوٹیاں | 270-360 گرام |

# فرٹی ہیوما

## پوٹاشیئم ہیومیٹ

**پوٹاش کی اضافی طاقت کے ساتھ**







**فرٹی ہیوما** نہ صرف فصل میں ہر قسم کے موسمی حالات، دباؤ اور بیماریوں کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کرتا ہے بلکہ وہ تمام خوراکی اجزاء حاصل کرنے میں بھی مدد فراہم کرتا ہے جو پودے کو زندہ رہنے اور بہتر بڑھوتری کیلئے درکار ہیں۔




### فرٹی ہیوما کی نمایاں خصوصیات

- **فرٹی ہیوما** کا استعمال زمین کو نرم اور بھربھرا کرتا ہے جس سے پودے کا اُگاؤ بہتر ہوتا ہے
- **فرٹی ہیوما** زمین کے کیمیائی تعامل (pH) کو معتدل کرنے میں مدد دیتا ہے
- **فرٹی ہیوما** زمین میں نمی برقرار رکھنے کی صلاحیت کو بڑھاتا ہے جس سے فصل پانی کی کمی کا شکار نہیں ہوتی
- **فرٹی ہیوما** زمین میں نامیاتی مادے کی کمی کو پورا کرتا ہے جس سے زمین کی زرخیزی میں اضافہ ہوتا ہے
- **فرٹی ہیوما** پودے کو زمین سے خوراکی اجزاء حاصل کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے جس سے پودوں کی جڑیں اور تنے مضبوط ہو جاتے ہیں
- **فرٹی ہیوما** زمینی نقصان دہ پھپھوندی (Harmful Fungus) کو کنٹرول کرنے میں مدد کرتا ہے اور فائدہ مند خوردبینی جانداروں (Beneficial Micro-organisms) کے کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کرتا ہے




### سفارشات برائے استعمال

| مقدار برائے استعمال | وقتِ استعمال |
|---|---|
| 8 کلوگرام فی ایکڑ | زمین کی تیاری کے وقت استعمال کریں |

# زنگرین

فصل کی بھرپور نشوونُما اور بہترین پیداواری کوالٹی کیلیئے







زنک کی کمی کی وجہ سے پودوں میں خوراک تیار کرنے کا عمل متاثر ہوتا ہے اور مختلف غذائی اجزاء کی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی میں بھی دشواری ہوتی ہے۔ پودوں کا قد اور پتوں کا سائز چھوٹا رہ جاتا ہے۔ پھول اور پھل کم آنے سے فصل کی تیاری اور پیداوار میں خاطر خواہ کمی ہو جاتی ہے۔ فصل سے بہتر پیداوار لینے کیلیئے زنک کی بہت اہمیت ہے۔

**زنگرین** کے استعمال سے پودے سرسبز و شاداب رہتے ہیں، پودوں میں خوراک بنانے کا عمل تیز ہو جاتا ہے، پتوں اور سِٹوں کے سائز میں اضافہ ہوتا ہے۔

## زنگرین کی نمایاں خصوصیات




- **زنگرین** دانے دار ہونے کی وجہ سے چھٹہ کرنے میں آسان ہے
- **زنگرین** پانی میں حل پذیری کی وجہ سے فصل کو فوری دستیاب ہو جاتا ہے
- **زنگرین** میں موجود زنک سلفیٹ کی کوالٹی آئی سی آئی کی ضمانت کے ساتھ اور فصلوں کی ضرورت کے مطابق پوری مقدار میں موجود ہے
- **زنگرین** کے استعمال سے دانوں کے سائز اور وزن میں اضافہ ہوتا ہے
- **زنگرین** کے استعمال سے سبزیوں، پھلوں، اجناس اور دیگر فصلوں کی پیداواری کوالٹی بھی بہتر ہوتی ہے

### سفارشات برائے استعمال

| مقدار استعمال | وقت استعمال |
|---|---|
| 7.5 کلوگرام فی ایکڑ | پہلے پانی پر چھٹہ کریں |

# فرٹی میکرو

متوازن خوراکی اجزاء۔۔۔پودوں کی کرے بہتر نشوونُما







**فرٹی میکرو** میں بنیادی اجزاء نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاش کے ساتھ ساتھ بوران، کاپر، آئرن، میگنیشیم، مینگانیز اور زنک موجود ہیں جو کہ زیادہ تر چیلیٹڈ حالت میں پائے جاتے ہیں۔ **فرٹی میکرو** فصل کی بڑھوتری کے مرحلے پر غذائی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور نشوونما میں مدد کرتا ہے۔

یورپ سے
درآمدشدہ




## **فرٹی میکرو** کی نمایاں خصوصیات

- **فرٹی میکرو** 100 فیصد پانی میں حل پذیر ہے
- **فرٹی میکرو** میں پتوں کے ذریعے باآسانی جذب ہونے کی صلاحیت موجود ہے
- **فرٹی میکرو** نقصان دہ مرکبات (سوڈیم کلورائیڈ) کے اجزاء سے پاک ہے
- **فرٹی میکرو** پودے کی بڑھوتری میں اضافہ کرتا ہے
- **فرٹی میکرو** میں موجود فاسفورس پودے میں توانائی کی ترسیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے
- **فرٹی میکرو** میں موجود پوٹاش پودوں میں پانی کے اخراج اور نمی کو کنٹرول کرتا ہے اور پانی کی کمی کے خلاف قوتِ مدافعت پیدا کرتا ہے
- **فرٹی میکرو** میں موجود دیگر اجزائے صغیرہ پودے کے پیداواری عوامل کو بہتر کرتے ہیں

### سفارشات برائے استعمال

| مقدار فی ایکڑ فی 100 لیٹر پانی | وقتِ استعمال |
|---|---|
| 1 سے 2 کلوگرام | پھول آنے سے پہلے اسپرے کریں |

# فرٹی کے 50

**فصلوں کی بہتر کوالٹی اور پیداوار میں معاون**







پوٹاش پودوں کی خوراک کا لازمی جزوٗ ہے۔ پودوں کو بڑھوتری اور پھل پھول بنانے کیلیئے پوٹاش کی انتہائی ضرورت ہوتی ہے۔ پوٹاش پانی کا اخراج کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ قوت مدافعت میں بھی اضافہ کرتا ہے۔غذائی اجزاء اور توانائی کی ترسیل میں پوٹاش کا انتہائی اہم کردار ہوتا ہے۔ یہ پودوں کے تنوں کو مضبوط بنا کر انہیں گرنے سے بچاتا ہے۔

بڑھوتری کے وقت پودا زمین سے ملنے والے خوراکی اجزاء سے اپنی ضروریات پوری نہیں کر پاتا، اس وقت پودے کی ضرورت کو فوری اور موٗثر ذریعے یعنی اسپرے سے ہی پورا کیا جاسکتا ہے۔

**فرٹی کے 50** کو اسپرے کے علاوہ بذریعہ آبپاشی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

## فرٹی کے 50 کی نمایاں خصوصیات

یورپ سے درآمد شدہ

**فرٹی کے 50** ایک حل پذیر کھاد ہے جس میں پوٹاش کے علاوہ سلفر کی اضافی مقدار بھی موجود ہے جو پودے کی افزائش، طاقت اور پیداوار کیلیئے ضروری ہے

**فرٹی کے 50** پتوں میں بننے والی خوراک کو پودے کے دوسرے حصوں تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے

**فرٹی کے 50** نقصان دہ نمکیات مثلاً کلورائیڈ سے مکمل پاک ہے لہٰذا اس کے استعمال سے فصل یا زمین پر کوئی برا اثر نہیں پڑتا

**فرٹی کے 50** کے استعمال سے سِٹوں کے سائز، دانوں کے وزن، کوالٹی اور پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے

**فرٹی کے 50** پودوں میں بیماریاں کے خلاف قوتِ مدافعت پیدا کرتا ہے




### سفارشات برائے استعمال

| مقدار فی ایکڑ فی 100 لیٹر پانی | وقتِ استعمال |
| --- | --- |
| 2 کلوگرام | 4 تا 6 پتوں کے مرحلے پر پہلا اسپرے کریں اور 10 دن کے وقفے سے دُہرائیں |

**بُور آنے پر 10 کلوگرام فی ایکڑ آبپاشی کے ساتھ استعمال کریں**

# فرٹی گولڈ

## فصل کی بڑھوتری اور نشوونُما







فصل کی بڑھوتری اور نشوونُما کیلئے مختلف خوراکی اجزاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ بہتر پیداوار کیلئے ضروری ہے کہ فصل کو متناسب مقدار میں اجزائے صغیرہ اور کبیرہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ اجزائے کبیرہ میں پوٹاش پودوں کی خوراک کا ایک اہم جزو ہے جو نشوونُما اور بڑھوتری میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ پوٹاش پودوں سے پانی کے اخراج کو کنٹرول کر کے قوتِ مدافعت میں اضافہ کرتا ہے، غذائی اجزاء اور توانائی کی ترسیل میں بہت اہمیت رکھتا ہے۔ یہ پودوں کے تنوں کو مضبوط بنا کر انہیں گرنے سے بچاتا ہے۔

## **فرٹی گولڈ** کی نمایاں خصوصیات




- **فرٹی گولڈ** میں موجود پوٹاش غذائی اجزاء کو پھل تک منتقل کرنے میں معاونت کرتا ہے
- **فرٹی گولڈ** میں موجود سلفر پودوں کی افزائش، طاقت اور پیداوار کے علاوہ زمینی اصلاح کار کے طور پر بھی کام کرتا ہے
- **فرٹی گولڈ** پودوں کیلئے نقصان دہ عناصر مثلاً سوڈیم کلورائیڈ سے پاک ہے
- **فرٹی گولڈ** میں جلد حل پذیری کی صلاحیت کی بدولت پودوں کو فوری دستیاب ہو جاتا ہے
- **فرٹی گولڈ** کے استعمال سے فصل کی پیداواری کوالٹی اور وزن میں بھی اضافہ ہوتا ہے

### سفارشات برائے استعمال

| مقدار فی ایکڑ | وقتِ استعمال |
|---|---|
| 10 کلوگرام | جب فصل 4 سے 6 پتوں کی حالت پر ہو تو فلڈ کریں۔ 10 دن کے وقفے سے دوبارہ استعمال کریں |

# سیگا برائیٹ

36 فیصد ایف ایس

## کیڑوں اور بیماریوں سے پاک طاقتور بنیاد







**سیگا برائیٹ** جدید ایف ایس فارمولیشن کی وجہ سے بیج پر زیادہ دیر تک چپکنے کی صلاحیت کی بدولت بیج کے گرد حفاظتی حصار بنالیتا ہے اور فصل کو لمبے عرصے تک بیماریوں اور شوٹ فلائی کے خلاف تحفظ فراہم کرتا ہے۔

**سیگا برائیٹ** میں شامل مؤثر اجزاء بیج کے اُگاؤ پر نئی نکلتی ہوئی جڑوں، تنوں اور پتوں کے ذریعے جذب ہو کر نہ صرف خوراک بنانے کے عمل کو تیز کرتے ہیں بلکہ جڑوں کا نظام بھی طاقتور بناتے ہیں۔ بیجائی سے پہلے بیج کو آئی سی آئی کا **سیگا برائیٹ** لگانا انتہائی ضروری ہے۔

## **سیگا برائیٹ** کی نمایاں خصوصیات

- بیجوں کا بھرپور اور جاندار اُگاؤ
- جڑوں کی زیادہ نشوونما، لمبی اور گھنی جڑیں
- بیجوں پر چپکنے کی بہترین صلاحیت سے لمبے عرصے کا تحفظ
- فصل ابتداء سے ہی شوٹ فلائی اور بیماریوں سے محفوظ
- فی ایکڑ پودوں کی زیادہ تعداد، پیداوار میں یقینی اضافہ
- بیجوں کے گرد حفاظتی حصار کی وجہ سے فصل منفی اثرات سے محفوظ




### سفارشات برائے استعمال

| مقدار فی ایکڑ |
|---|
| 10 ملی لیٹر فی کلوگرام بیج |

# نوِٹس

کیڑوں کا بروقت خاتمہ۔۔۔رہے فصل سرسبز وتوانا







تنے کی سُنڈیاں مکئی کی فصل کو شدید نقصان پہنچاتی ہیں۔ یہ پودے کی درمیانی کونپل میں داخل ہو کر نرم بنیادی شگوفے کو کھانا شروع کر دیتی ہیں جس سے کونپل سوکھ جاتی ہے اور پودے کی بڑھوتری اور نشوونما متاثر ہوتی ہے۔

**نوِٹس** کا تعلق فینائل پائروزول گروپ سے ہے جو اپنے لمسی اور شکمی طریقہ اثر کی وجہ سے کیڑوں کے اعصابی نظام کو متاثر کر کے ان کی ہلاکت کا باعث بنتا ہے۔ **نوِٹس** ایک مؤثر اور وسیع دائرہ عمل رکھنے والا کیڑے مار زہر ہے جو کہ تنے کی سُنڈیوں، پلانٹ ہاپر اور لیف فولڈر پر بہترین کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

## نوِٹس کی نمایاں خصوصیات

- **نوِٹس** تنے کی سُنڈی، پتہ لپیٹ سُنڈی اور پلانٹ ہاپر کا مکمل خاتمہ کرتا ہے
- **نوِٹس** اپنی سرائیت پذیری کی خاصیت کی وجہ سے پودے کے تمام حصوں پر موجود کیڑوں کو ہلاک کرتا ہے
- **نوِٹس** ایک مؤثر اور دیرپا کنٹرول فراہم کرنے والا زہر ہے
- **نوِٹس** فصل کو سرسبز و شاداب رکھتا ہے






# لیپیڈیکس

40 فیصد ای سی

## سنڈیوں کا حشر نشر







**لیپیڈیکس** آرگینو فاسفیٹ (OP) گروپ سے تعلق رکھنے والا کیڑے مار زہر ہے۔ جو لمسی اور شکمی طریقہ اثر سے کیڑوں کو کنٹرول کرتی ہے۔ یہ اپنی جذب پذیر صلاحیت کی وجہ سے دیرپا اثر رکھتی ہے۔ مختلف فصلوں خصوصاً مکئی کے رس چوسنے والے کیڑوں اور سنڈیوں کے خاتمے کیلئے نہایت مؤثر ہے۔

### لیپیڈیکس کی نمایاں خصوصیات

- مکئی کے بورر اور شوٹ فلائی کے خلاف مؤثر کیمیا
- لمسی اور شکمی طریقہ اثر کی وجہ سے تیز کنٹرول
- موسم کی سختی اور بارش کے باوجود بھی بہترین رزلٹ
- پتوں کے آر پار ہونے کی وجہ سے دیرپا اثر
- ٹینک مکس کیلئے موزوں ترین




### سفارشات برائے استعمال

| نقصان دہ کیڑے | مقدار فی ایکڑ |
|---|---|
| بورر، شوٹ فلائی | 1000 ملی لیٹر |

# ایماڈوکس

9 فیصد ایس سی

سنڈیوں کے خلاف بہترین ہتھیار





## فال آرمی ورم یا فال لشکری سُنڈی

فال آرمی ورم یا فال لشکری سُنڈی 350 سے زائد اقسام کی فصلات، سبزیات بشمول مکئی کے پتوں، تنوں اور تولیدی حصوں پر حملہ کر کے نقصان پہنچاتا ہے۔ پچھلے سال سے پاکستان میں اس کا حملہ موسمی مکئی میں زور پکڑ نا شروع ہو گیا ہے۔ یہ کیڑا گرم اور ملے جُلے گرم مرطوب ماحول میں رہنا پسند کرتا ہے۔

یہ کیڑا پودے کی نئی کونپلوں کو متاثر کرتا ہے، پتوں پر سوراخ اور سفید لکیریں نظر آتی ہیں جو اس کے حملے کی واضح علامت ہے۔ متاثرہ پودے کی کونپل میں سُنڈیوں کا فضلہ ہوتا ہے جو خشک ہونے پر لکڑی کے برادے کی طرح نظر آتا ہے۔ اس کیڑے کی سُنڈیاں پتوں کے علاوہ بھٹوں کو کھاتی ہیں۔

**ایماڈوکس** دورِ حاضر کا منفرد مرکب ہے جو کہ مختلف اقسام کی سُنڈیوں کا خاتمہ کرتا ہے۔

**ایماڈوکس** کے اسپرے سے سنڈیاں فوراً مفلوج ہو کر نقصان کرنا بند کر دیتی ہیں اور چند ہی گھنٹوں میں سنڈیوں کا صفایا ہو جاتا ہے۔ **ایماڈوکس** پتوں کے آر پار ہونے کی صلاحیت اور دوہرے طریقہ اثر کی وجہ سے فصل کو سنڈیوں سے دیر پا تحفظ فراہم کرتا ہے۔




## **ایماڈوکس** کی نمایاں خصوصیات

- جدید کیمسٹری پر مشتمل منفرد پروڈکٹ
- پتے اور پھل کھانے والی سنڈیوں پر دیرپا کنٹرول
- پتوں کے آر پار جذب ہونے کی صلاحیت کی وجہ سے نیچے چھپے ہوئے کیڑوں پر بھی مؤثر کنٹرول
- بارش کے بعد بھی اثر برقرار
- روایتی زہروں کے خلاف قوتِ مدافعت رکھنے والی سُنڈیوں کے خلاف کارگر






ICI PAKISTAN LTD.

آئی سی آئی پاکستان ۔ ایگری سائنسز

ہیلپ لائن نمبر: 0800-73337